تعلیم کا اصل مقصد محض نصابی کتابوں کی تکمیل نہیں بلکہ طلبہ کی پوشیدہ صلاحیتوں کو اجاگر کرنا اور ان کے فکری افق کو وسعت دینا ہے۔ بالخصوص پرائمری اور سیکنڈری سطح کے طلبہ میں تخلیقی صلاحیتیں فطری طور پر موجود ہوتی ہیں، ضرورت صرف اس امر کی ہے کہ انہیں درست سمت، حوصلہ افزائی اور اظہار کے مواقع فراہم کیے جائیں۔ ہمارے اسکول کے ننھے اور نوخیز طلبہ اپنی معصوم سوچ، نرالے خیالات اور تخلیقی ذہن کے باعث معاشرے کا قیمتی سرمایہ ہیں۔ ان کی تحریریں، نظمیں، کہانیاں اور مضامین اس بات کا ثبوت ہیں کہ اگر ذہن کو آزادی دی جائے تو وہ نت نئے موتی بکھیر دیتا ہے۔ یہی تخلیقی سرگرمیاں طلبہ کی شخصیت سازی میں سنگِ میل ثابت ہوتی ہیں اور ان میں خود اعتمادی، جراتِ اظہار اور تنقیدی سوچ کو فروغ دیتی ہیں۔

نیوز لیٹر کی اشاعت کا ایک اہم مقصد طالبات میں مطالعے اور لکھنے کا شوق پیدا کرنا بھی ہے۔ جب وہ دیکھتی ہیں کہ ان کی تحریر شائع ہو رہی ہے اور دوسرے لوگ اسے پڑھ رہے ہیں تو ان میں مزید بہتر لکھنے کا جذبہ بیدار ہوتا ہے۔ یہ جذبہ انہیں تحقیق، مطالعہ اور مشاہدے کی طرف راغب کرتا ہے، جو تعلیمی کامیابی کے ساتھ ساتھ عملی زندگی میں بھی نہایت مفید ثابت ہوتا ہے۔

مزید برآں، یہ نیوز لیٹر طالبات میں ذمہ داری اور نظم و ضبط کا شعور بھی پیدا کرتا ہے۔ مقررہ وقت پر تحریر مکمل کرنا، اس کی درستی کرنا، املا اور قواعد کا خیال رکھنا—یہ سب وہ عادات ہیں جو طالبات کی شخصیت کو سنوارتی ہیں۔ ٹیم ورک کے ذریعے کام کرنا، ایک دوسرے کی تحریروں کا احترام کرنا اور مثبت تنقید کو قبول کرنا بھی اسی عمل کا حصہ ہے۔

طالبات کے لیے یہ نیوز لیٹر مستقبل میں بے حد فائدہ مند ثابت ہو سکتا ہے۔ آج کی دنیا میں اظہارِ خیال، کمیونیکیشن اسکلز اور تخلیقی سوچ کو غیر معمولی اہمیت حاصل ہے۔ وہ طالبات جو اسکول کے زمانے سے لکھنے پڑھنے کی عادت ڈال لیتی ہیں، آگے چل کر صحافت، تدریس، ادب، تحقیق، میڈیا اور دیگر شعبہ جات میں بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کر سکتی ہیں۔ یہ میگزین درحقیقت اسی خواب کی تعبیر ہے جس کے ذریعے طلبہ کو قلم کے جوہر دکھانے کا موقع فراہم کیا گیا ہے۔ قابلِ تحسین بات یہ ہے

کہ اساتذہ کی مخلصانہ رہنمائی اور انتظامیہ کے تعاون سے یہ کارواں رواں دواں ہے۔ ہمیں یقین ہے کہ آج کے یہ ننھے قلم کار کل کے بڑے مفکر، ادیب اور معمارِ قوم ثابت ہوں گے۔ دعا ہے کہ یہ تخلیقی سفر یونہی جاری و ساری رہے اور علم و ادب کے چراغ سے نئی نسل کے دل و دماغ منور ہوتے رہیں۔ (آمین)

معلمہ
سیّدہ صادق

چیرمین سیکنڈری بورڈ کے نام نقل کی روک تھام کے لئے خط

اہل محلہ
نارتھ کراچی
دسمبر۔32025
بخدمت جناب منتظم اعلیٰ بورڈآف سکینڈری ایجوکیشن کراچی

جناب عالی!
ہم طلبہ و طالبات ضلع وسطی محلہ سرسید ٹاؤن کے رہائشی ہیں۔ ہم آپ کی توجہ ایک اہم معاملہ کی جانب دلانا چاہتے ہیں، آپ بورڈ کے امتحانی مراکز سے نقل مافیہ کو دور رکھنے کے لیے بندوبست فرمائیں۔
نقل کرنے سے بہت سے نقصانات ہوتے ہیں، نقل کی وجہ سے اچھے طلبہ و طالبات جو پورے سال محنت کر کے امتحانات دیتے ہیں، ان محنتی طالب علموں کی حق تلفی کی جاتی ہے۔
حق تلفی کی بڑی وجہ یہ نقل مافیہ ہے، جو ان طلبہ و طالبات کو جو پورے سال پڑھتے ہی نہیں ہیں ان کو نقل کرواتی ہے اور جب یہ بچے امتحانات میں پاس ہو جاتے ہیں تو پھر سیکنڈری بورڈ ان بچوں کو ڈگریاں بھی دے دیتی ہے۔
افسوس کی بات یہ ہے کہ یہ بچے جہاں بھی اپنی اس جعلیٰ ڈگری کی بنیاد پر کوئی بھی کام یا نوکری کرتے ہیں تو ملک و قوم کے لئے بدنامی کا باعث بن سکتے ہیں۔
اس لئے ہماری گزارش ہے کہ اس مسئلے پر فوری کارروائی ہو۔ تاکہ پڑھے لکھے طلبہ و طالبات مستقبل میں ملک و قوم کے لئے فخر کا باعث بنیں۔
امید کرتے ہیں آپ ہماری اس گزارش پر فوری کارروائی کا حکم صادر فرمائیں گے، شکریہ

اہل طلبہ و طالبات
ا۔ب۔ج اسکول
ضلع وسطی
نارتھ کراچی
میمونہ
جماعت: ہفتم

ماں اور بیٹے کے درمیان حب الوطنی کے بارے میں مکالمہ

ماں اپنے باورچی خانے میں دوپہر کا کھانا بنا رہی تھی بیٹا سکول سے ایا اور بستہ رکھتے ہی ماں کے پاس آیا اور سوال کیا

بیٹا: السّلام علیکم !امی

ماں: وعلیکم السلام بیٹا کیسا گزرا آج کا دن ؟

بیٹا: بہت اچھا مگر یہ سب چھوڑیں آج اسکول میں استاد نے یوم آزادی کے لیے حب الوطنی پر تقریر لکھنے کا کہا ہے

ماں: ماشاءاللہ ! یہ تو اچھی بات ہے

بیٹا: مگر مجھے سمجھ نہیں آرہا کہ حب الوطنی آخر ہے کیا؟

ماں: ارے میرے پیارے بیٹے حب الوطنی کا مطلب ہے اپنے وطن سے محبت کرنا اس کی عزت کرنا اور اس کے لیے قربانی دینا

بیٹا: لیکن امی وطن سے محبت کیسے ظاہر کی جاتی ہے ؟ کیا صرف یوم آزادی کو جھنڈا لہرانا ہی کافی ہے ؟

ماں: نہیں بیٹا حب الوطنی سے جھنڈا لہرانے کا نام نہیں ہے اپنے وطن کے قوانین کی پابندی کرنا، اس کے وسائل کی حفاظت کرنا اور مشکل وقت میں اس کے لیے قربانی دینا ہے

بیٹا: امی قوانین کی پابندی کا کیا مطلب ہے ؟

ماں: بیٹا ریاست یا حکومت نے ہمیں جو کام کرنے کا کہا اور جس سے انکار فرمایا اس پر عمل کرنا قانون کی پابندی کرنا ہے

بیٹا: اس کا مطلب وہ ٹیکسی چلانے والے چاچا محبِ الوطن نہیں تھے ؟

ماں: کیوں بیٹا؟

بیٹا: امی انہوں نے سڑک اس وقت پار کی، جب اس کا اشارہ سرخ تھا۔

ماں: بیٹا ایسے کسی کے بارے میں بدگمانی نہیں کرتے ہو سکتا ہے ان کو کچھ ضروری کام ہو چلو اب تم مجھے حب الوطنی کی کوئی دو مثالیں دو۔

بیٹا: جیسے ہمارے فوجی وطن کی حفاظت کرتے ہیں

ماں: مگر کیسے ؟

بیٹا: امی آپ کو یاد ہو گا جب مئی کے مہینے میں ہندوستان نے ہم پاکستانیوں پر جھوٹا الزام لگایا اور ہمارا پانی بھی روکا اور تھوڑی بم باری بھی کی تو ہمارے پانچ بہادر محب الوطن فوجیوں نے بھارت کی اینٹ سے اینٹ بجادی تھی۔

ماں: ماشاءاللہ جی بالکل وہ فوجی اپنی جان تک قربان کر دیتے اگر ضرورت پڑتی مگر صرف فوجی نہیں ہر شہری کو اپنے حصے کی خدمت کرنی چاہیے استاد علم دے کر، ڈاکٹر علاج کر کے، مزدور محنت کر کے اور طالب علم پڑھائی کر کے وطن کی خدمت کرتا ہے

بیٹا: تو کیا میری پڑھائی بھی حب الوطنی ہے ؟

ماں: جی ہاں جب آپ محنت سے پڑھو گے اور بڑے ہو کر وطن کے لیے کرامت بنو گے تو یہ سب حب الوطنی ہیں

بیٹا: امی میں وعدہ کرتا ہوں کہ میں خوب دل لگا کر پڑھوں گا اور اپنے وطن کا نام روشن کروں گا

ماں: شاباش میرے بیٹے یہی سچی ہے شاعر نے کیا خوب کہا ہے

یہ وطن تمہارا ہے، تم ہو پاسباں اس کے ~
یہ چمن تمہارا ہے، تم ہو نغمہ خواں اس کے

بیٹا: جزاک اللہ امی

ماں: بارک اللہ

سارہ اویس جماعت ہشتم

معلوماتی مضمون موئن جو دڑو کی سیر

اس سال گرمیوں کی چھٹیوں میں اپنے خاندان کے ساتھ موئن جو دڑو کی سیر کا موقع ملا۔ موئن جو دڑو دریائے سندھ کے کنارے واقع ایک قدیم شہر ہے۔ تاریخ دانوں کے مطابق یہ شہر تقریباً پانچ ہزار سال پُرانا ہے۔ یہ شہر لاڑکانہ سے ستائیس کلو میٹر کی دوری پر واقع ہے اور اُسے مردوں کا ٹیلہ بھی کہا جاتا ہے۔ یہ شہر ۱۹۲۲ میں دریافت ہوا۔ یہاں کے کھنڈرات دیکھ کر معلوم ہوا کہ ہزاروں سال پہلے بھی لوگ نہایت ترقی یافتہ زندگی گزارتے تھے۔

یہاں کے مکان پکی اینٹوں کے بنے ہوئے تھے۔ ہر گلی سیدھی اور کشادہ تھی اور ہر مکان کے ساتھ نکاسِ آب کے لیے پختہ نالیاں بنی ہوئی تھیں۔ بڑے بڑے اناج گھر اس بات کا ثبوت ہیں کہ یہاں کے لوگ تجارت اور زراعت میں مہارت رکھتے تھے۔ اس شہر کی کھدائی سے بچوں کے کھلونے، عورتوں کے زیورات، ہاتھی دانت کی بنی ہوئی چیزیں سیپ، گھونگے اور چینی کے برتن برآمد ہوئے ہیں۔ اس کے علاوہ کھدائی میں برتن، مہریں، انسانی اعضاء، اور جانور کی کھالیں بھی ملی ہیں۔ ہر مکان کے ساتھ پانی کی نالی بنی ہوئی تھی تاکہ گندا پانی باہر جاسکے۔ یہ دیکھ کر ہمیں بہت حیرت ہوئی کہ اتنے پُرانے زمانے میں بھی لوگ صفائی کا کتنا خیال رکھتے تھے۔

وہاں پر ایک بڑا ہال بھی موجود ہے۔ جسے عظیم اناج کی ذخیرہ گاہ کی کے طور پر جانا جاتا تھا۔ عظیم اناج کی ذخیرہ گاہ کے قریب ایک بڑا اور پیچیدہ عوامی حمام بھی ہے جسے عظیم حمام کے طور پر جانا جاتا تھا۔ موئن جو دڑو کے کھنڈرات کے قریب ایک عجائب گھر تعمیر کیا گیا ہے۔ اس عجائب گھر میں موئن جو دڑو کی دلچسپ اشیاء کو نمائش کے لیے رکھا گیا ہے۔ موئن جو دڑو کی بہترین دریافت ایک بیل کا سر ہے جسے ایک مہر کے طور پر استعمال کیا جاتا تھا۔ اس پر موجود لکھائی کو آج تک پڑھا نہ جاسکا۔

اس سبق سے ہمیں یہ سبق ملتا ہے کہ ہمارا ماضی بہت شاندار ہے۔ اور ہمیں اپنی تہذیب کی حفاظت کرنی چاہیئے اور ایک سبق جو سب کے لیے ہے کہ ہر چیز فانی ہے سوائے اللہ کے اور جو قومیں اپنے رب کو ناراض کرتی ہیں وہ صفحہِ ہستی سے مٹ جاتی ہیں۔ کیا معلوم موئن جو دڑو بھی اسی میں سے ایک ہو!

جویریہ انصار
جماعتِ پنجم جیسمین

موٹر سائیکل سوار اور ٹریفک پولیس کے درمیان مکالمہ

شہر کراچی کی دوپہر مصروف شاہرہ ٹریفک پولیس اہلکار اشارے کے مقام کے پاس کھڑا ہے ایک موٹر سائیکل سوار جلدی میں سڑک سے گزرتا ہے جب کہ اس کا سگنل کا اشارہ سرخ تھا ٹریفک پولیس نے اسے روکا

موٹر سائیکل سوار: السلام علیکم صاحب روکنے کی وجہ؟

ٹریفک پولیس: وعلیکم السلام جی ضرور کیا آپ نہیں جانتے کہ اشارہ سرخ تھا

موٹر سائیکل سوار: جی مجھے معلوم ہے

ٹریفک پولیس: جب معلوم تھا تب بھی آپ نے سڑک پار کیا آپ کے پاس ہیلمٹ کیوں نہیں؟

موٹر سائیکل سوار: ارے وہ وہ! میں گھر میں بھول گیا

ٹریفک پولیس: ارے جناب یہ کیا یہ تو سونے پر سہاگہ ہو گیا اچھا اب ہیلمٹ گھر پر بھولنے کی وجہ فرمائیں گے
موٹر سائیکل سوار: جی وہ دراصل بات یہ ہے کہ تھوڑی جلدی میں وہ گھر پر ہی رہ گیا
ٹریفک پولیس: جلدی کی کچھ خاص یا اہم وجہ
موٹر سائیکل سوار: جی نہیں صاحب بس کام کے لیے دیر ہو رہی تھی
ٹریفک پولیس: اچھا ذرا یہ تو بتاؤ بتائیں کہ لائسنس اور نمبر پلیٹ کہاں پر جا گی
موٹر سائیکل سوار: صاحب ابھی تو بتایا جلدی میں گھر بھول گیا معاف فرمائیں
ٹریفک پولیس: م عافی؟؟ چلو معاف تو میں نے کر دوں مگر چالان تو بھرنا پڑے گا
موٹر سائیکل سوار: جناب میں جانتا ہوں سگنل تو لال تھا مگر وقت کم تھا ہیلمٹ گھر رہ گیا لائسنس بھی جیب میں نہیں اور نمبر پلیٹ بھی نہیں مگر مجھ پر تھوڑا رحم کھایئے میں غریب ہوں اتنی حیثیت نہیں کہ چالان جمع کر سکوں گزارش ہے مجھ پر رحم فرمائے میری بیوی بچے کی روزی نہ چھینیے آپ کو خدا کا واسطہ مجھ پر اور میرے گھر والوں پر رحم فرمایئے ویسے بھی میں کسی اور کی دُکان میں کام کرتا ہوں اور ابھی ان کے کام کا بازار ٹھنڈا ہے
ٹریفک پولیس (رحمی سے): اچھا کوئی نہیں بھائی مجھے علم ہے کہ کراچی میں بارشوں کی وجہ سے لوگوں کو کئی مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے مگر آپ فکر نہ کریں میں یہ چالان آپ پر معاف کر دیتا ہوں
موٹر سائیکل سوار: صاحب اپ کا بہت بہت شکریہ آپ کو معلوم نہیں اپ نے مجھ پر کتنا رحم فرمایا اللہ آپ کو اس چیز کا کتنا اجر و ثواب دے گا آپ کو اس چیز کا علم بھی نہیں آپ کو بہت خوش کامیاب اور آباد رکھے گا۔
ٹریفک پولیس: آپ کی ان دعاؤں کا شکریہ مگر آئندہ خیال رکھیے گا
موٹر سائیکل سوار: جزاک اللہ
ٹریفک پولیس: بارک اللہ

سارہ اویس جماعت ہشتم

آج کا میڈیا معاشرے کی تباہی کا باعث

انٹرنیٹ آج کے دور میں سب سے بڑی ایجاد ہے جس کی بدولت دنیا ایک عالمی گاؤں بن چکی ہے۔ انسان لمحوں میں دنیا بھر کی معلومات حاصل کر لیتا ہے اور تعلیم و تحقیق کے بے شمار مواقع پیدا ہو گئے ہیں۔ مگر جہاں اس کے فائدے ہیں، وہیں اس کے بہت سے نقصانات بھی سامنے آ رہے ہیں۔ خاص طور پر سوشل میڈیا نے ہماری نوجوان نسل کو بری طرح متاثر کیا ہے۔ لوگ دوسروں کے جذبات اور خیالات کو بدلنے لگے ہیں۔ نوجوان اپنی قیمتی صلاحیتیں ضائع کر کے فضول سرگرمیوں میں وقت گنواتے رہتے ہیں۔ اس کے علاوہ روز بروز ایسے ویب سائٹس جنم لے رہی ہیں جو برائی اور بے حیائی پھیلانے کا ذریعہ ہیں اور معاشرے میں اخلاقی و روحانی تباہی کا باعث بن رہی ہیں۔

میڈیا کی وجہ سے والدین اور بچوں کے درمیان بھی فاصلے پیدا ہو رہے ہیں اور گھر کا ماحول شدید متاثر ہو رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ قرآن مجید میں فرماتا ہے کہ "جب ان لوگوں سے کہا جاتا ہے کہ زمین میں فساد نہ پھیلاؤ تو وہ کہتے ہیں کہ ہم تو اصلاح کرنے والے ہیں، حالانکہ حقیقت میں یہی لوگ فساد کرنے والے ہیں مگر انہیں احساس نہیں ہوتا۔

یہ آیت آج کے میڈیا پر بالکل صادق آتی ہے، کیونکہ میڈیا اصلاح کے نام پر فتنہ و فساد پیدا کر رہا ہے اور معاشرتی بگاڑ کو بڑھا رہا ہے۔ نوجوان نسل فحاشی، بے حیائی اور غلط راستوں میں پڑ رہی ہے۔ جھوٹی خبریں اور بے بنیاد باتیں سن کر لوگ ایک دوسرے کے بارے میں غلط رائے قائم کرنے لگے ہیں۔ حدیث میں بھی آتا ہے کہ آدمی کے جھوٹا ہونے کے لیے یہی کافی ہے کہ وہ ہر سنی سنائی بات آگے بیان کردے، اور یہی حال آج کے میڈیا کا ہے جو بغیر تحقیق کے باتیں پھیلاتا ہے۔

میڈیا نے معاشرتی اقدار کو بری طرح نقصان پہنچایا ہے۔ نوجوان نسل اپنی تہذیب، روایات اور اسلامی اصولوں سے دور ہوتی جا رہی ہے۔ موبائل فون اور سوشل میڈیا کے بے جا استعمال نے بچوں کی تعلیم، اخلاق اور ذہنی سکون پر برا اثر ڈالا ہے۔ بچے کتابوں سے دور ہو کر اسکرین کے عادی بنتے جا رہے ہیں۔ غیر اخلاقی مواد کی وجہ سے خاندانوں میں بے اعتمادی، جھگڑے اور غلط فہمیاں بڑھ رہی ہیں۔ لوگ حسد، مقابلے بازی، جھوٹ، دکھاوا اور نمود و نمائش میں مبتلا ہو گئے ہیں۔ اس سے روحانی کمزوری، ذہنی دباؤ اور اخلاقی بگاڑ تیزی سے پیدا ہو رہا ہے، جو پورے معاشرے کو نقصان پہنچا رہا ہے۔

اگر میڈیا کو مثبت راستے پر استعمال کیا جائے تو یہ قوم کی ترقی، اصلاحِ معاشرہ، تعلیم اور آگاہی کا بہترین ذریعہ بن سکتا ہے۔ لیکن ضرورت اس بات کی ہے کہ اس کا استعمال ذمہ داری کے ساتھ کیا جائے۔ سچ اور جھوٹ میں فرق کیا جائے، بے مقصد اور نقصان دہ چیزوں سے پرہیز کیا جائے اور والدین بچوں کی رہنمائی کریں۔ اگر میڈیا کنٹرول میں رہے اور حدود کے اندر استعمال ہو تو یہ فائدہ دیتا ہے، ورنہ یہ معاشرے کو تباہی کے اندھیروں میں دھکیل سکتا ہے۔

آخر میں یہی کہا جا سکتا ہے کہ میڈیا ایک مضبوط طاقت ہے جو انسان کی سوچ، کردار اور رویے کو بدل سکتی ہے۔ اس لیے اسے سمجھ داری، اعتدال اور اخلاقی حدود کے ساتھ استعمال کرنا ہر فرد کی ذمہ داری ہے۔ تبھی ایک بہتر اور محفوظ معاشرہ قائم ہو سکتا ہے۔

نبیہ فرخ
جماعت ہشتم

یوم آزادی

یومِ آزادی ہر پاکستانی کے لیے اہم ہوتا ہے، مگر میرے لیے یہ دن خاص طور پر ایک یادگار دن کی حیثیت رکھتا ہے۔ ہر سال ۱۴ اگست کو میں نہایت خوشی اور محبت کے ساتھ یہ دن مناتی ہوں، مگر اس بار کا یومِ آزادی میرے لیے کچھ مختلف اور بہت یادگار تھا۔ اس روز صبح سویرے میں نے اپنے گھر کی چھت پر قومی پرچم لگایا۔ میں نے سبز اور سفید رنگ کی جھنڈیاں بھی خود لگائیں، جس سے پورا گھر جشنِ آزادی کا منظر پیش کر رہا تھا۔ ہم سب نے مل کر پاکستان کی خوش حالی اور امن کے لیے دعائیں کیں۔

میں اپنے اسکول میں یومِ آزادی کی تقریب میں شریک ہوئی۔ اسکول سبز اور سفید جھنڈیوں اور غباروں سے سجا ہوا تھا۔ تقریب کا آغاز قرآن پاک کی تلاوت سے ہوا اُس کے بعد قومی ترانہ ہم سب نے پورے جوش اور جذبے سے پڑھا۔ میں نے آزادی پر ایک تقریر بھی کی جسے سب نے بہت پسند کیا۔ اس دن میں نے اور میرے دوستوں نے ملی نغمے گائے، ٹیبلو پیش کیا اور کوئز مقابلے میں حصہ لیا۔

تقریب کے بعد ہمیں اساتذہ نے آزادی کے بارے میں اہم باتیں بتائیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں اپنے ملک کی ترقی کے لیے محنت، ایمانداری اور اتحاد سے کام کرنا چاہیے۔

میں نے عہد کیا کہ میں اپنے وطن کے لیے ایک بہترین اور باعمل شہری بنوں گی۔
شام کو ہم نے اپنے محلے میں آتش بازی دیکھی۔ آسمان رنگوں سے روشن ہو گیا اور ہر طرف خوشی کا ماحول تھا۔ یہ سب یادیں اس دن کو ہمیشہ کے لیے خاص بنا دیتی ہیں۔
آزادی واقعی ایک نعمت ہے، کیونکہ یہ نہ صرف خوشی کا دن ہے بلکہ مجھے اپنے وطن سے محبت اور ذمہ داری کا احساس بھی دلاتا ہے۔ میں نے اپنے وطن کی حفاظت اور قائم رہنے کی دعائیں کی اور اللہ کا شکر ادا کرتے ہوئے سونے چلی گئی

بسمہ نواز
جماعت: ششم

میڈیا اور معاشرتی تباہی

آج کا دور اطلاعات اور ابلاغ کا دور ہے۔ میڈیا ایک بہت طاقتور ذریعہ ہے جو رائے عامہ بناتا اور بدلتا ہے اور لوگوں کی سوچ و رویوں پر گہرا اثر ڈال سکتا ہے۔ لیکن افسوس کہ آج کا میڈیا اکثر معاشرے کے لیے نقصان دہ ثابت ہو رہا ہے۔ میڈیا کا اصل مقصد رہنمائی اور معلومات فراہم کرنا ہونا چاہیے تھا، نہ کہ معاشرتی بگاڑ پیدا کرنا۔
اللہ تعالیٰ قرآن پاک میں فرماتے ہیں:
اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ زمین میں فساد نہ پھیلاؤ تو وہ کہتے ہیں کہ ہم تو اصلاح کرنے والے ہیں، خبردار! یہی لوگ فساد کرنے والے ہیں مگر وہ سمجھتے نہیں۔" (سورۃ البقرہ)
آج کے میڈیا کی صورتحال اس آیت پر بالکل صادق آتی ہے۔ بظاہر میڈیا معاشرے میں بہتری لانے کا دعویٰ کرتا ہے، لیکن حقیقت میں یہ برائی پھیلا رہا ہے۔
میڈیا کے منفی اثرات خاص طور پر بچوں اور نوجوانوں پر نظر آرہے ہیں۔ آج کی نوجوان نسل زیادہ تر فضول پروگراموں، بے مقصد ڈراموں اور جھوٹی خبروں میں اپنا قیمتی وقت ضائع کر رہی ہے۔ جب جھوٹی معلومات اور پروپیگنڈا پھیلایا جاتا ہے، تو معاشرے میں بے اعتمادی، انتشار اور اخلاقی بگاڑ پیدا ہوتا ہے۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:
آدمی جھوٹا ہو جاتا ہے جب وہ ہر سنی ہوئی بات دوسروں کو بیان کرتا ہے۔" (مسلم)"
آج کا میڈیا اس حدیث کی عملی تصویر بن چکا ہے، جہاں خبریں بغیر تحقیق اور تصدیق کے لوگوں تک پہنچائی جاتی ہیں۔
شاعرِ مشرق علامہ اقبال نے فرمایا:
نظر جو دیکھتی ہے، وہ دل کی عکاسی کرتی ہے۔ اکثر حقیقت ہماری آنکھوں کے سامنے ہوتی ہے لیکن ہم اسے محسوس نہیں کر پاتے۔"
آج کے میڈیا میں بھی یہی حقیقت چھپی رہتی ہے۔ وہ صرف وہی دکھاتا ہے جو کسی مخصوص مقصد کے لیے مفید ہو۔ مثال کے طور پر، اشتہارات اکثر مصنوعات کو حقیقت سے بڑھا چڑھا کر پیش کرتے ہیں، جس سے نوجوانوں میں حسد، غیر ضروری خواہشات اور مادہ پرستی پیدا ہوتی ہیں۔

انسٹا گرام، یوٹیوب اور دیگر سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کا اثر بھی معاشرے پر واضح ہے۔ نوجوان اکثر غیر ضروری اور فضول مواد دیکھتے ہیں، جس میں تشہیری ڈرامے، جھوٹی زندگی کے مناظر اور غیر حقیقی معیارِ حسن شامل ہیں۔ اس کے نتیجے میں نوجوانوں میں خود اعتمادی کے مسائل پیدا ہوتے ہیں اور معاشرتی اقدار، اخلاقیات اور حقیقی تعلقات متاثر ہوتے ہیں۔

ہمیں چاہیے کہ ہم میڈیا اور سوشل میڈیا کا استعمال مثبت اور تعمیری طریقے سے کریں۔ تعلیمی، اخلاقی اور معلوماتی مواد کو فروغ دیں تاکہ معاشرے میں برائی کم ہو، نوجوان اچھی تعلیم حاصل کریں اور اخلاقی اقدار کی پاسداری کریں۔

نتیجہ:

میڈیا ایک طاقتور ذریعہ ہے، لیکن اگر اس کا استعمال درست نہ ہو تو یہ معاشرے کے لیے نقصان دہ ثابت ہو سکتا ہے۔ ہمیں تعمیری اور مثبت میڈیا کی حوصلہ افزائی کرنی چاہیے، نوجوانوں کو جھوٹی خبروں، بے مقصد پروگراموں اور مادہ پرستی سے بچانا چاہیے، اور میڈیا کو اخلاقیات، محبت اور سچائی کو فروغ دینے کے لیے استعمال کرنا چاہیے۔

سارہ اویس
جماعت ہشتم

آم کا درخت

میں ایک بیج ہوں مالی مجھے باغ میں لے کر آیا ہے، پھر ایک دن کچھ لوگ آئے اور مجھے لے کر چلے گئے۔ مجھے اپنے باغ میں لگایا باغ میں لگانے کے بعد میری دیکھ بھال کرتے رہے۔ مجھے خوب پانی دیتے میری صفائی کا خیال رکھتے میرے ارد گرد کسی بھی بچے کو آنے نہیں دیتے اور میں بہت خوش ہوتا اپنی دیکھ بھال سے پھر ایک دن میرے اندر سے ایک ننھا سا پودا نکلا پودے میں پتے نکلے دیکھتے ہی دیکھتے میں ایک ننھا سا چھوٹا سا درخت بن گیا میں ایک ننھا سا درخت تو تھا مگر مجھے خوشی ہو رہی تھی کہ میں دن بدن بڑا ہوتا جا رہا ہوں۔ دن گزرتے رہے میں بڑا سا تناور درخت بن گیا اور نہ صرف میں تناور درخت بن گیا بلکہ میرے اندر چھوٹے چھوٹے پھول بھی کھلنے لگے پرندوں نے میرے اوپر گھونسلے بنائے۔ بچے مجھے بڑا سا دیکھ کر بہت خوش ہوتے تھے اور مجھے انہیں خوش دیکھ کر خوشی ہوتی تھی۔ پھر جب میں پھول سے، پھل کی طرف آیا تو مجھے پتہ چلا، میں تو پھلوں کا بادشاہ آم کا درخت ہوں۔ مجھے تو یہ جان دیکھ کر بہت خوشی ہوئی کہ لوگ مجھے سب سے زیادہ پسند کرتے ہیں۔ اور نہ صرف پسند کرتے ہیں بلکہ میں تو پھلوں کا بادشاہ ہو میرے بہت فائدے ہیں۔ میں معدے کو ٹھنڈا رکھتا ہوں لوگ مجھے بہت شوق سے کھاتے ہیں اور نہ صرف اپنے ملک کے لوگ کھاتے ہیں بلکہ باہر کے ممالک کے لوگ بھی مجھے بہت شوق سے کھاتے اور پسند کرتے ہیں میرے بہت فائدے ہیں میری بہت ساری اقسام ہیں۔ اور طرح طرح سے استعمال میں آتا ہوں۔ لوگ میرا اچار بناتے ہیں، مزیدار کھٹی میٹھی چٹنی بناتے ہیں، ملک شیک بناتے ہیں، آخر میں یہ کہنا چاہوں گا کہ میرا خیال رکھیں مجھے زیادہ سے زیادہ لگائیں اور، مجھے مت توڑیں، مجھے تنگ نہ کریں مجھے بھی تکلیف ہوتی ہے، میں بھی جاندار ہوں۔ میرے پتے نہیں توڑیں اور میرا خیال رکھیں۔

نبیہا شاہد سوم لیلی

شہر کراچی

میرے شہر کراچی کا پرانا نام کولاچی ہے میرا شہر کراچی ماہی گیروں کا شہر ہے کراچی پاکستان کا سب سے بڑا شہر ہے۔اس میں دو بندرگاہیں ایک کا نام بن قاسم پورٹ اور ایک کا نام کراچی پورٹ ہے یہاں سے مال (اشیاء) کی درآمدات اور برآمدات ہوتی ہے۔ میرا شہر کراچی بہت خوبصورت ہے۔ یہاں کے سڑکیں بہت کشادہ ہیں یہاں مختلف مذاہب اور مختلف قوموں کے لوگ ایک ساتھ مل جل کر رہتے ہیں میرے شہر کراچی کی خاص بات یہ ہے کہ وہ ہر مذہب کے لوگوں کا استقبال کرتا ہے اور ہر قوم کے لوگوں کو عزت دیتا ہے۔ حکومت نے جب سے گرین لائن سروس کا آغاز کیا ہے تب سے یہاں کے لوگوں کو بہت زیادہ فائدہ ہوا ہے میرے شہر کراچی میں قائداعظم کا مزار بھی ہے یہاں کا موسم بہت خوشگوار رہتا ہے، سمندر کی سیر کرکے اور بھی مزہ دوبالا ہو جاتا ہے۔اور کشتی کا سفر اور بھی دلفریب لگتا ہے۔ آپ بھی اپنے شہر کی خوبصورتی کو برقرار رکھنے کے لیے اس کی صفائی کا خیال رکھیں۔اور آلودگی سے بچاؤ کے لیے زیادہ سے زیادہ پودے لگائیں۔

مسفرہ جواد
جماعت: سوم لیلی

ہنسی کی بہاریں

,ایک چونٹی بدحواسی میں بھاگی جا رہی تھی :*
-ایک جانور نے روک کر پوچھا: کیا ہوا؟ چونٹی بولی ہاتھی کا ایکسیڈنٹ ہو گیا ہے
میں خون دینے جا رہی ہوں۔

ہانیہ عزیر
جماعت: چہارم جسمین

نظم: چھوٹی چھوٹی نیکیاں

چھوٹی چھوٹی نیکیاں دیتی ہیں دل کو خوشیاں
کھلتی ہیں بن کے کلیاں چھوٹی چھوٹی نیکیاں
کسی کی انکھ میں خوشی بھر دینا کسی ٹوٹے دل کو سہارا دینا
نفرتوں کو چھوڑ کر پیار اپنانا یہی تو ہے سچی خوشیاں
ماں باپ کی خدمت، استاد کی عزت علم کی دولت سچ کی طاقت
محنت سے ہے حاصل عظمت یہی ہے کامیابی کی کنجیاں
درخت لگانا، پانی بچانا جانوروں پرندوں کو اپنانا
قدرت سے ہے رشتہ نبھانا یہی ہے زندہ نیکیاں

مریم عاصم
چہارم، گلاب

ٹریفک کے اشارے حفاظت کے اشارے

آج ناصر کا اسکوج جانے کا دل نہیں چاہ رہا تھا۔ مگر اس کی امی اسکول کی چھٹی نہیں کرواتی تھیں۔ یہی وجہ تھی کہ ناصر بغیر ناشتہ کیے گھر سے روانہ ہو گیا تھا۔ اسکول ناصر کے گھر سے قریب تھا۔ وہ روز پیدل اسکول جاتا تھا مگر راستے میں ایک مصروف سڑک کو پار کرنا ہوتا تھا۔ ناصر کے آج دوست بھی اس کے ساتھ نہیں تھے۔ ناصر بہت غصے میں تیزی کے ساتھ چل رہا تھا۔ جب سڑک قریب آئی تو اس نے سوچا لوگ تو ٹریفک کی لائٹ کو بغیر دیکھے سڑک پار کر رہے ہیں، تو اس نے سوچا کہ وہ بھی اسی طرح سڑک پار کر لے گا۔ گاڑیاں بہت تیزی سے آرہی تھیں کیونکہ ہری بتی جل رہی تھی ناصر نے جلدی سے سڑک پار کرنے کا ارادہ کر لیا۔ پھر کیا تھا ایک موٹر سائیکل والے سے ناصر کی ٹکر ہو گئی۔ ناصر کو چوٹیں تو آئیں مگر چوٹوں نے یہ ضرور سمجھا دیا کہ غصہ اور جلد بازی نے اسے یہ سزا دی ہے۔

سبق: یہ ٹریفک کے اشارے یقیناً ہماری حفاظت کے اشارے ہیں۔

عائزہ مدثر۔ جماعت سوم (جیسمن)

بے ایمانی کی سزا

انس اور ایان آج بہت پرجوش تھے کیونکہ آج اسکول میں کھیلوں کے مقابلے شروع ہو رہے تھے۔ احمد اور ایان نے دوڑ میں حصہ لیا تھا۔ تھوڑی دیر میں دوڑ کا مقابلہ شروع ہو گیا۔ دوناں تیز بھاگ رہے تھے۔ مگر ایان کو لگا کہ انس مجھ سے آگے نکل رہا ہے اسے یہ برداشت نہ ہوا اس نے آگے بڑھ کر انس کا ہاتھ کھینچا۔ انس تھوڑا سا ڈگمگایا اسے بھی سمجھ آگیا کہ ایان مجھے پیچھے کر رہا ہے۔ مگر انس نے ہار نہ مانی اور مقابلے کو جاری رکھا۔ انس دوڑ جیت گیا مگر ایان کی بے ایمانی ناکام ہو گئی۔ ایان اپنی بے ایمانی کی حرکت پر شرمندہ ہو رہا تھا۔

عنایا سلمان۔ جماعت سوم (روز)

ملت کا پاسبان

قائد اعظم محمد علی جناح کا اصل نام محمد علی جناح تھا آپ ۲۵ دسمبر ۱۸۷۶ کو کراچی میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم کراچی سے حاصل کرنے کے بعد اعلیٰ تعلیم کے لیے انگلستان چلے گئے۔ بیرسٹری کے ڈگری حاصل کی۔ آپ پاکستان کے پہلے گورنر جنرل بنے۔ آپ نے مسلمانوں کے حقوق کے لیے انگریزوں اور ہندوں سے مخالفت کی۔ آپ چاہتے تھے کہ مسلمان قوم کے نوجوان تعلیم حاصل کریں ملک کی خوشحالی اور ترقی کے لیے کام کریں۔ آپ کو بانی پاکستان بھی کہا جاتا ہے۔ ہمیں چاہیئے کہ ہم اپنے قائد کی جدوجہد کی قدر کرتے ہوئے اپنے ملک کی ترقی کے لیے انتھک محنت کریں اور ملک کا نام روشن کریں۔

رمیصا فہد۔ جماعت سوم (سن فلاور)

ہمت نے دی کامیابی

ارون جماعت سوم کا طالبعلم تھا وہ اسکول میں پڑھائی کے ساتھ کھیلوں کی سرگرمیوں میں بھی بڑھ چڑھ کر حصہ لیتا تھا۔ یہی وجہ تھی کہ اسکول کے سب ہی اساتذہ اسے پسند کرتے تھے مگر رمیز کو یہ بات بالکل پسند نہیں تھی۔ کھیلوں کے مقابلے میں دوڑ کے لیے ہارون اور رمیز منتخب ہوئے تھے۔ رمیز نے دل میں یہ ہی سوچا تھا کہ آج کے مقابلہ وہ ہارون کو جیتنے نہیں دے گا۔ دوڑ جب شروع ہوئی تو ہارون تیزی سے دوڑ رہا تھا۔ رمیز اس سے پیچھے تھا۔ رمیز نے آگے بڑھ کر ہارون کو ہاتھ کھینچ کر گرانا چاہا تا کہ ہارون گر جائے اور وہ آگے بڑھ سکے مگر ہارون گرا ضرور مگر فوراً ہی اس نے دوبارہ اٹھ کر ہمت سے دوڑ کو جاری رکھا اور پہلی پوزیشن پر آگیا۔ ہارون کو ہاتھ اور پیر پر خراشیں آئی تھیں۔ رمیز کی چالاکی کی ترکیب کام نہ آئی بلکہ ہارون کی ہمت اور ایمان داری نے اسے گرنے کو باوجود کامیاب کر دیا تھا۔

سبق: کھیل میں ایمانداری شرط ہے۔

ثمیرا طارق
جماعت سوم (جیسمن)

بے ایمانی کی سزا

قائدِ اعظم محمد علی جناح ہمارے عظیم رہنما ہیں۔ آپ ۲۵ دسمبر ۱۸۷۶ کو کراچی میں پیدا ہوئے۔ آپ بچپن ہی سے ذہین اور محنتی تھے۔ آپ ابتدا ہی سے یہ چاہتے تھے کہ مسلمانوں کو اپنی رائے کا حق حاصل ہو۔ آپ کی جدوجہد آزادی کا مقصد بھی ہی تھا کہ مسلمان اپنے حق کے لیے لڑیں۔ اتحاد، تنظیم اور یقین محکم آپ کے بتائے ہوئے اصول تھے۔ آپ چاہتے تھے کہ مسلمان ان اصولوں کے مطابق زندگی گزاریں۔ آپ کی مسلمانوں کے لیے الگ وطن کی جدوجہد کی سوچ نے قوم نے آپ کو قائدِ اعظم یعنی بڑا رہنما کا لقب دیا۔ آپ کی انتھک کوششوں کی بدولت ہمیں پیارا پاکستان ملا۔

میری اللہ سے دعا ہے کہ اللہ میرے وطن کو سلامت رکھے اور ہمیں اس سے سچی محبت کرنے کی توفیق عطا فرما۔ آمین

فاطمہ نثار
جماعت سوم (ٹیولپ)

تعلیمی دورہ

ایک دن اسکول کی طرف سے ایک پروانہ ملا جب پڑھا تو دل خوش ہو گیا ہم لوگ بطور تعلیمی دورہ سائنس سینٹر جا رہے ہیں۔ اتنی خوشی ہوئی پڑھائی میں دل بھی نہیں لگ رہا تھا، ہم ٹی ڈی ایف میگنیفائی سائنس سینٹر جا رہے تھے ہم نے نام بھی پہلی بار سنا تھا پھر گھر آ کے اس کے بارے میں معلومات لیں تو دل بہت خوش ہوا اتنی اچھی جگہ اسکول والے لے کے جا رہے ہیں، امی ابو کی منتیں کر کے اجازت حاصل کیا اور اسکول میں معلمہ کے پاس وہ پروانہ اجازت نامہ کا جمع کروا دیا، اور بس انتظار کرنے لگے اُس دن کا، جس دن جانا تھا، آخر وہ دن آ گیا ہم نے بہت کم چیزیں ساتھ لیں اور پہنچ گئے وہاں، وہاں جا کے اندازہ ہوا واقعی سائنس سینٹر ہے اتنی اچھی چیزیں سائنس سے متعلق موجود تھیں ہر چیز ماڈل کے طور پر دکھائی گئی تھی دل کس طرح کام کرتا ہے، کپڑا کس طرح بنتا ہے، فزیکل ورلڈ وغیرہ اور کچھ کھیل کی سرگرمیاں بھی تھیں ہم چل چل کے تھک گئے تھے

مگر شوق ختم نہیں ہو رہا تھا پھر معلمہ نے بتایا واپسی کا وقت ہو گیا ہے، ہمارا یہ دورہ ایک بہت اچھا تعلیمی دورہ تھا۔ ہم واپس اسکول آئے اور پھر وقتِ مقررہ پر چھٹی ہوئی میں بہت بے چین تھی کہ جلدی سے گھر جا کر امی کو سب بتاوں گھر پہنچتے ہی میں بتانا شروع ہو گئی امی نے کہا پہلے منہ ہاتھ دھو لو یونیفارم تبدیل کرو آرام سے بات کریں گے۔ میری دلی خواہش ہے ہم اگلی بار پھر اسی جگہ جائیں۔

عشل کاشف
(پنجم ٹیولپ)

پہیلیاں

1. کیا ہے جو دیکھا جا سکتا ہے لیکن پکڑا نہیں؟
2. کیا ہے جو ہر چیز کو جوڑتا ہے؟
3. کیا ہے جو ہر چیز کو بڑھاتا ہے؟
4. کیا ہے یہ جو ہر چیز کو پاک کرتا ہے؟
5. کیا ہے جو ہر چیز کو طاقت دیتا ہے؟
6. کیا ہے جو ہماری ہوتی ہے مگر دوسرے استعمال کرتے ہیں؟
7. کیا ہے جو ہر چیز کو پکاتی ہے؟
8. کیا ہے جو سمان پر اڑتے ہیں
9. کیا ہے جو ہر چیز کو خوبصورت بناتی ہے
10. کیا چیز ہو جو ہم کھانے کے لئے لاتے ہیں مگر کھاتے نہیں؟

1. سایہ 2. رشتہ 3. علم 4. پانی 5. ایمان 6. نام 7. آگ 8. پرندے 9. رنگ 10. پلیٹ

اشاراتی کہانی (پہاڑ کی چوٹی پر)

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ ہمارے اسکول والوں نے طالبات کو تعلیمی دورے پر لے جانے کا منصوبہ بنایا۔ ہم سب دورے پر جانے کے لیے پُر جوش تھے۔ ہم سب نے سفر پر جانے کے لیے سامان باندھا۔ ہمارے اسکول میں ایک طالبہ سارہ تھی جو ہمیشہ ہی سب سے آگے بڑھنا چاہتی تھی۔ وہ اپنی من مانی کرتی تھی۔ ہم سب بس میں بیٹھے اور سفر کے لیے روانہ ہو گئے۔ ہماری منزل پہاڑ کی چوٹی تھی۔ ہم سب اور سارہ بس سے اُترے اور آگے سفر پیدل جاری رکھا۔ ہم لوگ چوٹی کی طرف بڑھ رہے تھے کہ اچانک ٹی کا طوفان آگیا ہم سب ایک دوسرے کا ہاتھ تھام کر وہیں کھڑے ہو گئے۔ سارہ طوفان کی وجہ سے غم زدہ ہو گئی اور طوفان تھما تو سارہ موجود نہیں تھی۔ سارہ کو وہ اپنے ساتھیوں سے بچھڑ گئی جس جگہ وہ موجود تھی وہاں ایک دیہاتی بچّہ آیا اور اس نے سارہ کی مدد کی۔ جب سارہ طوفان سے بچ کر باہر آئی تو اسے کوئی بھی نظر نہیں آیا۔ اُس نے مڑ کر سہیلیوں کو تلاش کیا لیکن کوئی نہیں نظر آیا پھر سارہ نے پہاڑ کے اُوپر پاؤں کے نشان دیکھے اور اس کے ذریعے وہ اپنی دوستوں تک پہنچ گئی۔ پہاڑ پر پہنچ کر اس نے اپنی غلطی کا اعتراف کیا۔

پیغام: اس کہانی سے یہ سبق ملتا ہے کہ کچھ موقعوں پر جیت تنہا نہیں ہوتی بلکہ سب کے ساتھ مل کر ہوتی ہے۔ اس لیے ہمیں مل کر رہنا چاہیئے اور ہر مشکل کا مل کر مقابلہ کرنا چاہیے

تسمیہ شاہد
جماعت: پنجم روز

اشاراتی کہانی (ایک خواب جو سچ ہو گیا)

ایک دفعہ کا ذکر ہے ایک خوبصورت گاؤں میں ایک غریب بچّی رہتی تھی۔اس کا نام فاطمہ تھا۔فاطمہ کا خواب تھا کہ وہ بڑے ہو کر انجینئر،ڈاکٹر یا اُستانی بنے،وہ سوچتی تھی کہ اگر مجھے یہ بننا ہے تو مجھے ایک اچھی طالبہ بننا ہوگا۔اس نے فیصلہ کیا کہ اب وہ دل لگا کر پڑھائی کرے گی۔ایک دن جب وہ اپنے اسکول پہنچی تو اس کو پتہ چلا کہ اس کے اسکول میں مضمون نویسی کا مقابلہ ہونے والا ہے ۔وہ بہت خوش گئی۔اس نے فوراً فیصلہ کرلیا کہ وہ اس میں حصّہ لے گی۔اس کے جماعت کے ساتھی اس کا مذاق اُڑا رہے تھے۔کیونکہ تم تو مضمون لکھ نہیں سکتیں۔اب اُس نے پوری رات جاگ کر محنت کی اور مقابلے کی تیاری کی۔بہت جلد مقابلے کا دن بھی آگیا اس نے پوری کوشش کی اور مضمون لکھا۔مضمون جمع کروانے کے بعد اُس کا دل کانپ رہا تھا۔وہ بہت ڈر رہی تھی۔

مقابلے میں کامیابی کے لیے فاطمہ نے بہت دعائیں کیں اور نتیجے کا دن بھی آگیا۔جیسے ہی نتیجے کا اعلان ہوا سب حیران رہ گئے کیونکہ فاطمہ جیت گئی تھی۔اس کو انعام میں کتابیں اور اسکالرشپ ملی۔اس کی جماعت کی سب ساتھیوں کو اپنی غلطی کا احساس ہوا اور سب نے اُس سے معافی مانگی اور وعدہ کیا کہ آئندہ وہ کسی کا مذاق نہیں اُڑائیں گے۔

اس کہانی سے ہمیں یہ سبق ملتا ہے کہ خواب دیکھنا کافی نہیں اُن کے لیے محنت کرنا لازمی ہے اور جو شخص محنت کرتا ہے وہ کبھی ناکام نہیں لوٹتا۔

ملیحہ مرتضی
پنجم جیسمن

احمد کا سبق

ایک دن احمد اپنے دوستوں کے ساتھ گیند سے کھیل رہا تھا۔ان لوگوں کو پتہ ہی نہ چلا کہ گیند اچانک سڑک تک چلی گئی۔دوستوں نے احمد سے کہا اس سڑک پر گاڑیاں بہت تیز ہیں ہم گیند کو نہیں پکڑ سکیں گے۔مگر احمد نے کہا ڈرو نہیں میں جلدی سے سڑک پار کر کے گیند لے آوں گا۔مگر احمد یہ بھول گیا تھا کہ وہاں ٹریفک کے اشارے بھی لگے ہیں اور سبز بتی جل رہی ہے اگر وہ ان کو دیکھتا تو سرخ بتی کے جلنے پر آرام سے گیند حاصل کر سکتا تھا،مگر احمد نے سوچا ابھی تو گاڑیاں بہت دور ہیں میں جلدی سے گیند حاصل کر لوں گا۔مگر اس کی اس تیزی نے اسے حادثے کا شکار بنا دیا تھا۔احمد کی ٹکر ایک گاڑی سے ہو گئی تھی۔احمد کو دراصل ٹریفک کے اشاروں کی پابندی نہ کرنے کا سبق مل گیا تھا۔

عائشہ عباس
جماعت سوم (روز)

وطن کا جا نثار

راشد منہاس ۱۷ فروری ۱۹۵۱ کو کراچی میں پیدا ہوئے۔ابتدائی تعلیم کراچی سے حاصل کرنے کے بعد پاک فضائیہ میں شامل ہوئے۔وہاں مکمل فضائیہ میں تربیت حاصل کی۔آپ کے والد کی خواہش تھی کہ آپ انجینیر بنیں۔ مگر آپ بچپن ہی سے جہاز کے ماڈلز جمع کرتے، جہاز کے بارے میں معلومات حاصل کرتے تھے۔آپ کو پائلٹ بننے کا شوق تھا۔آپ بے انتہاذہین، بہادر اور شیر دل رکھنے والے تھے۔آپ کے اسی شوق نے آپ کو پاکستان کا سب سے پہلا کم عمر پائلٹ بنایا۔آپ نے وطن کی حفاظت اور اس کی عزت کو بچانے کے لیے دشمن کے ارادے کو ناکام بنایا۔اور ملک کی خاطر جان قربان کر دی۔آپ نے ملک سے وفاداری کا ثبوت دیتے ہوئے شہادت حاصل کی۔آپ پہلے کم عمر پائلٹ آفیسر تھے جنھیں ملک کے سب سے بڑے اعزاز نشانِ حیدر سے نوازا گیا۔

ابرش زہرہ
جماعت سوم (ٹیولپ)

ایک یاد گار دن

میرا یادگار دن میری روزہ کشائی ہے۔۲۷ رمضان جمعہ کا دن تھا۔میں نے سحری کی اور نماز پڑھنے کے بعد پھر میں سونے چلی گئی۔ یہ میرا پہلا روزہ تھا اور شدید گرمی تھی۔سو کر اُٹھنے کے بعد ظہر کی نماز ادا کر کے قرآن کی تلاوت کرنے کے بعد امی کے پاس گئی کہ امی کیا کیا بنا رہی ہیں۔پھر ابّو کے ساتھ پھولوں کا ہار لینے بازار چلی گئی اور امیّ گھر کے کام کرنے میں مصروف ہو گئیں۔

گھر آنے کے بعد میں نے سب سے پہلے نمازِ عصر ادا کی اور افطاری کا اہتمام شروع کر دیا الماری سے ایک جوڑا نکالا جو امی نے خاص میری روزہ کشائی کے لیے تیار کروایا تھا اتنے میں مہمانوں کی آمد بھی ہونا شروع ہو گئی، نانی، دادی اور خالہ آگئی تھیں۔ تھوڑی ہی دیر میں مغرب کی اذان کا وقت ہو گیا اور پھر ہم سب نے مل کر روزہ کھولنے کی دعا پڑھی اور کھجور کھا کے روزہ کھول لیا، دادی، نانی اور خالہ نے مجھے پھولوں کے ہار پہنائے اور ساتھ ہی تحائف بھی دیے۔آج کا دن میرے لیے بہت اہم اور خوشیوں سے بھرا ہوا دن تھا۔روزہ کھولنے کے بعد سب نے نمازِ مغرب ادا کیپھر سب بڑے آپس میں بات چیت میں مصروف ہو گئے اور ہم سب کزن آپس میں مل کر کھیلنے لگے آج سب بہت خوش تھے۔خاص طور سے میرے والدین کیونکہ آج انکی پیاری بیٹی نے پہلا روزہ جو رکھا تھا۔سب نے مجھے ڈھیر ساری دعائیں دیں۔آج امیّ نے کھانے میں بریانی اور گلاب جامن بنائی تھی سب نے لطف اندوز ہو کر کھانا کھایا اور سب مہمانوں کے جانے کے بعد ہم نے تحفے کھولے اور امیّ کے ساتھ مل کر میں نے گھر کو سمیٹا اور پھر میں سونے کے لیے لیٹ گئی۔آج کا دن میرے لیے بہت یادگار دن رہا، مجھے دلی خوشی تھی اور اللہ سے دعا کی کے اللہ تعالیٰ میں اب روزے رکھا کروں گی اس سے میرے اندر اطمینان اور خوشی کا احساس ہوا ہے

نام: پریزا خان
جماعت: شش

کرنیں

- انسان کامیاب ہونے کے لیے پیدا کیا گیا ہے مگر وہ اپنی غفلت سے خود کو ناکام بنا دیتا ہے۔
- سب سے نادان وہ شخص ہے جو ق چھوٹی چیز کی خاطر بڑی چیز کو کھو دے۔
- وقت کی قدر کامیابی کی ضمانت ہے۔
- ،اچھی نیت برے حالات کو بھی اچھا بنا دیتی ہے
- دوسروں کو عزت دینا گویا اپنے لیے عزت جمع کرنا ہے۔
- خود کو بدلنے والا ہے دنیا بدلتا ہے۔*
- اپنی غلطی کو مان لینا سب سے بڑی بہادری ہے۔

انابیہ مبشر خان
جماعت سوم جیسمین

مری کی سیر

مجھے مری جانے کا ہمیشہ سے شوق تھا۔ جب میں نے اُپنی اردو کی کتاب میں ایک سیر کا احوال پڑھا اس میں مری کا ذکر تھا میرے دل میں خواہش اور زیادہ بڑھ گئی، میں نے ابو سے بات کی ابو بہت اچھے موڈ میں تھے، انہوں نے کہا اس بار گرمیوں کی چھٹیوں میں ان شاءاللہ ہم سب مری کی سیر کے لیے چلیں گے۔ میری تو خوشی کا ٹھکانہ نہیں تھا، چھٹیوں میں زیادہ دن نہیں رہ گئے تھے، ہم نے سامان باندھنا شروع کر دیا، ایک دن ابو نے بتایا کے ٹرین کے ٹکٹ آ گئے ہیں یہاں سے اسلام آباد اور پھر وہاں سے بزریعہ وین مری جائیں گے۔

ہم نے دن گننا شروع کر دیئے آخر کار وہ دن بھی آ گیا جس کا انتظار تھا اللہ کا نام لیا سفر کی دُعا پڑھی اور نکل گئے ٹرین میں خوب کھیل کھیلا اور مری پہنچ گئے سفر کی تھکن کا احساس تو مری کی خوشی میں ہوا بھی نہیں، رات ہو گئی تھی ہوٹل میں قیام کیا مری میں اندھیرا جلدی ہو جاتا ہے اور بارش بھی کسی وقت ہو سکتی ہے، صبح سویرے فجر کی نماز پڑھ کے ہم تیار تھے، امی نے کہا پہلے ناشتہ کر لیتے ہیں ہم نے ہوٹل سے ناشتہ کا سامان لے لیا کہ پہنچ کے کھائیں گے۔ کراچی میں گرم موسم اور مری میں ہمیں برف بھی دکھائی دی، جس پر لوگ سلائیڈ کر رہے تھے۔ ہم نے برف سے کھیلا گولے بنائے ایک دوسرے کو مارے، اللہ کی قدرت دیکھی اتنے اونچے پہاڑ، آبشار اور سبزہ جتنی تعریف کی جائے کم ہے، ہم اتنا چل چل کے تھک بھی گئے تھے، واپس آ گئے کھانا کھا کے سو گئے، اگلے دن چیئر لفٹ کے لیے گئے جہاں لائن لگانی پڑتی ہے اُف! اتنا دلکش منظر تھا ہم چیئر میں بیٹھے اور نیچے مختلف اقسام کے اونچے اونچے درخت بادلوں سے ہم خود کو گزرتا محسوس کر رہے تھے، نیچے دیکھنے سے ڈر لگ رہا تھا بہت دل چسپ تجربہ تھا، ہم نے اسی طرح گھوم کے کچھ دن گزارے اور گھر واپسی کی راہ لی اللہ کا شکر ادا کیا اور ابو کا بھی بہت زیادہ شکریہ ادا کیا

عائزہ ثاقب
جماعت: پنجم۔ ٹیولپ

حکایت

ایک دن ایک کلاس میں اردو کے استاد نے بچوں سے سوال کیا: بچوں بتاؤ سچ بولنا کیوں ضروری ہے؟
سب بچے خاموش ہو گئے۔
تھوڑی دیر بعد احمد نے ہاتھ کھڑا کیا اور بولا سر! "سچ بولنا اس لیے ضروری ہے کیونکہ جھوٹ بولنے سے یاداشت کمزور ہو جاتی ہے۔"
استاد نے حیران ہو کر پوچھا وہ کیسے؟
احمد مسکرا کر بولا: "سر جھوٹ بولنے والے بھول جاتا ہے کہ اس نے پہلے کیا کہا تھا لیکن سچ بولنے والے کو کچھ یاد رکھنے کی ضرورت نہیں پڑتی"۔
احمد کی باتیں سن کر پوری کلاس ہنس پڑی اور استاد نے کہا: احمد بہت خوب تم نے بات بھی سچ کہی اور مزیدار بھی بنادی"۔

ارویٰ خرم
پنجم، گلاب

خط نویسی
(سہیلی کو بار بی کیو پارٹی کے لیے دعوت دینا)

،از کمرہ امتحان
،عثمان پبلک اسکول سسٹم شاخ ۵۰
کراچی۔
مورخہ: ۲۵-نومبر-۲۰۲۵
،پیاری سہیلی بریرہ
السلامُ علیکم
اُمید ہے پیاری بریرہ اللہ کے فضل سے آپ ٹھیک ہوں گی۔ یہاں بھی سب خیریت سے ہیں۔ آج میں آپ کو ایک خاص دعوت دینے کے لیے خط لکھ رہی ہوں۔ میں آپ کو باربی کیو پارٹی میں بُلانا چاہتی ہوں۔ جیسا کہ آپ جانتی ہیں کہ عیدالاضحیٰ کی آمد ہے اور ہر سال کی طرح اس سال بھی میرے گھر میں ایک گائے اور دو بکرے آئے ہیں۔ میں نے اپنی گائے کا نام سلطان اور بکروں کا نام گُلور کھا ہے۔ ہر سال کی طرح اس سال بھی امی نے باربی کیو پارٹی رکھی ہے اور میں اسی وجہ سے میں آپ کو باربی کیو کی دعوت دے رہی ہوں۔ دعوت میں تم کیا پہنو گی مجھے بتانا، میں تو قمیض شلوار پہنوں گی۔ تمھیں ایک اور بات بتانی ہے کہ باربی کیو کی دعوت میں مزے مزے کے کھانے ہوں گے اور پھر آئس کریم بھی ہو گی، پھر ہم مل کر خوب کھیلیں گے۔
اگر تم چاہو تو باربی کیو پارٹی میں اپنے والدین، بہن بھائی کو بھی اپنے ساتھ لے آنا۔ اب مجھے اجازت دو۔ دعوت میں ضرور آنا میں تمھارا انتظار کروں گی۔

،اللہ حافظ
تمھاری پیاری سہیلی
عیشال خان
جماعت چہارم (گلاب)

پہیلیاں

- وہ کونسا جانور ہے جو خون اور دماغ کے بغیر بھی زندہ رہتا ہے
- وہ کونسا پرندہ ہے جو جل بھی جائے تو زندہ رہتا ہے۔
- بن بلائے ڈاکٹر بن آئے، چوری چھپے انجکشن لگائے۔
- وہ کون سی چیز ہے جو دھونے سے گندی ہو جاتی ہے۔
- وہ کون سی چیز ہے جو ہم کان سے نکالنے کے بعد کھا لیتے ہیں۔
- وہ کون سی چیز ہے جو انسان کو دو بار مفت میں ملتی ہے مگر تیسری بار خریدنی پڑتی ہے۔

عبیرہ فاطمہ
سوم جیسمین

جوابات:

1 جیلی فش 2 جگنو 3 مچھر 4 پانی 5 نمک 6 دانت

تخلیقی لکھائی: میرا پہلا روزہ

سال 2023 میں میں نے میرے بھائی نے پہلا روزہ رکھا سب سے پہلے میری ماما نے مجھے سحری کے وقت اٹھایا میں نے منہ ہاتھ دھو کر سحری کی اور پراٹھا کھا کر لسی پی اور پھر فجر کی نماز پڑھ کر تھوڑی دیر تلاوت کی پھر سونے کے لئے اپنے کمرے میں چلی گئی جب بارہ بجے میری آنکھ کھلی تو میں نے غلطی سے اپنے ماما سے ناشتہ مانگ لیا۔ یہ سوچتے ہوئے یہ ناشتہ کر کے کھیلوں گی تو پھر ماما نے یاد دلایا کہ تمہارا روزہ ہے تو پھر میں نہانے چلی گئی نہا کر آئی تو ظہر کی اذان ہونے لگی تو پھر میں نے ظہر کی نماز پڑھ کر ایک پارہ مکمل کیا۔ پھر شام میں میں کھیلنے چلی گئی اندر آ کر ماما کی افطاری بنانے میں مدد کرنے لگی کچھ دیر میں دستر خوان بچھایا اور سارا سامان رکھا پھر میں کچھ دیر میں تیار ہو کر آئی اور میرے بابا پھولوں کے ہار لے کر آئے۔ جیسے ہی مغرب کی اذان ہوئی میں نے پانی پیا اور کھجور سے روزہ کھولا میری دادی اور بابا، ماما نے مجھے ہار پہنائے اور مجھے بہت خوشی ہوئی یہی میرا پہلا روزہ تھا جس دن مجھے بہت خوشی ہوئی تھی۔

انابیہ علی ریحان
جماعت چہارم ٹیولپ

بوجھو تو جانیں

1. ایسی کون سی چیز ہے جو اوپر نہیں جاتی مگر نیچے آتی ہے اور پورے میں کیچڑ کر جاتی ہے
2. ایسی کون سی چیز ہے جس کا منہ تو ہے لیکن ہاتھ پاؤں نہیں اور سب کی آنکھیں گھر میں اسی پر رہتی ہیں
3. کیا ہے جو آدمی کے پاس ہو تو وہ فقیر ہے اور نہ ہو تو وہ امیر ہے؟
4. کیا ہے جو آدمی کی زندگی میں ایک بار آتا ہے اور مرنے سے پہلے جاتا ہے؟
5. کیا ہے جو آدمی کے سر پر ہوتا ہے لیکن وہ اسے دیکھ نہیں سکتا؟
6. کیا ہے جو آدمی کی زندگی میں بہت تیزی سے آتا ہے اور بہت جلدی چلا جاتا ہے؟
7. کیا ہے جو آدمی کے پاس ہو تو وہ خوش ہوتا ہے اور نہ ہو تو وہ ناراض ہوتا ہے؟
8. کیا ہے جو آدمی کے پاس ہو تو وہ سب کو دیتا ہے لیکن خود نہیں رکھتا؟
9. کیا ہے جو آدمی کی زندگی میں ایک بار آتا ہے اور پھر کبھی نہیں آتا؟
10. کیا ہے جو آدمی کو جگاتا ہے لیکن خود کبھی نہیں سوتا؟

عشال خالد
ہفتم گلاب

1 بارش 2 گھڑی 3 عقل 4 نام 5 سایہ 6 وقت 7 صحت 8 وعدہ 9 بچپن 10 الارم

ENVIRONMENTAL SOFTBOARDS




Truthfulness is way of my life
OF
SUCCESS

قرآنی آیات
احادیث
والدین کا کردار اولاد کی تربیت میں
بچوں کے اچھے کام میں ان کی حوصلہ افزائی کرنا
بچے کی دلچسپیوں، سرگرمیوں اور سیکھنے کے عمل کو وقت دینا
بچوں کو نماز پڑھنے اور دعا مانگنے کا طریقہ
بچوں کے ساتھ مل کر روزمرہ کے اصول طے کرنا
بچوں کو اچھی بات اپنے اعمال کے ذریعے سمجھائیں
بچوں کے ساتھ شفقت سے پیش آنا
بچوں کو سچ بولنے کی ترغیب دینا

OUR ACHIVEMENTS THROUGHOUT THE SESSION

OUR ACHIVEMENTS THROUGHOUT THE SESSION

Super speller and Art

CALLIGRAPHY COMPETITION



ART COMPETITION

ART COMPETITION

MATHS EXHIBITION



SCIENCE, SST. FAIR

FQ EXHIBITION



CALLIGRAPHY COMPETITION

UPSS

Shaping the leaders of Ummah

NEWSLETTER

2025-2026

CAMPUS 50

USMAN PUBLIC SCHOOL SYSTEM